# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ پاکستانی زبانیں)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: بلوچ تہذیب وثقافت، زبان وادب (6596) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- بلوچی زبان کا لسانی جغرافیہ بیان کرتے ہوئے اس زبان کے لہجوں پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال 2- بلوچ ثقافت کے نمایاں خدوخال بیان کیجیے۔ (20)

سوال 3- بلوچی کی لوک داستانیں، محبت، مزاحمت اور قربانی کی لازوال کہانیاں ہیں، اس رائے کا محاکمہ بیبرگ وگراناز کی داستان کے حوالے سے کیجیے۔ (20)

سوال 4- بلوچی میں نعت گوئی کی روایت کا محاکمہ کیجیے۔ (20)

سوال 5- بلوچی لوک شاعری کی اصناف مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- جوانسال بگٹی اور تاج محمد تاجل کی حیات و شاعری پر جامع مضمون لکھیے۔ (20)

سوال 2- جدید بلوچی شاعری کے خدوخال بیان کرتے ہوئے میر گل خان نصیر اور آزات جمالدینی کے احوال و آثار پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال 3- ڈرامہ کے فنی محاسن بیان کرتے ہوئے بلوچی میں ڈرامہ کی روایت تحریر کیجیے۔ (20)

سوال 4- بلوچی افسانہ نگاری کی روایت پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال 5- ہرہوئی اور پیر غائب آبشار بلوچستان کے اہم تہذیبی اور سیاحتی مراکز ہیں اس بارے میں اپنے مطالعے کا نچوڑ پیش کیجیے۔ (20)